**Code No. 303**

## PRE-BOARD EXAMINATION-1 DECEMBER – 2019

**CLASS: X** | **URDU (2nd Language)** | **Time: 3 hrs.**

**MAX. MARKS: 80**

---

سوال 1

(حصہ الف)

درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 5

صبح آٹھ بجے کا وقت ہے۔ خلا جانماز پر بیٹھی ہوئی تسبیح چلا رہی ہیں کہ ایک مرتبہ اپنے سینے پر سر کو دائیں سے بائیں گھما کر دم کیا اور اپنی بہو کو مخاطب کر کے زبان چلانا شروع کر دی ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا یہ بھی کوئی بات ہے۔ دھوپ دیکھو تو صحن میں جا پہنچی مگر چائے کی ایک پیالی نہ آئی توبہ ہے۔ اماں بس لائی۔ لیجیے اماں گرم کی ہی بنا لائی۔ بہو نے چائے کی پیالی سامنے رکھی۔ شکر ہے بائی خدا خدا کر کے چائے نصیب ہوئی۔ اب ذرا پاؤں بڑھا کے روٹی کا ٹکڑا لے آو۔ بہو تیزی سے باورچی خانے میں گئی اور ایک ورٹی رکابی میں رکھ کر پیش کر دی چلو بس کام کروا اپنا۔ روٹی بھی باسی ہے۔ دنیا کی بہو بیٹیوں کا قاعدہ دیکھا کہ صبح اُٹھ کر دو چار تازہ روٹیں پکا دیں مگر میرے گھر کا تو باوا آدم ہی نرالا ہے اب سختی کرو تو دنیا مجھ بدھی خیلا کو نام رکھے گی کہ بہو کو دن رات چھیدے کھاتی ہے اور منہ بند کر لو تو منہ میں پانی ڈالنے والا کوئی نہیں۔ بیگم نسیم کو اماں ابھی آپ خط لکھوائیں گی یا ناشتے کے بعد۔

1 صبح اُٹھ کر خلا کیا کر رہی تھی

I اپنے کپڑے دو رہی تھی

II جانماز پر بھیسی تسبیح کر رہی تھی

III اپنی بیٹی کے ساتھ فون پر بات کر رہی تھی

2 خلا نے اپنی بہو سے مخاطب ہو کر کیا کہا۔

I تم بہت اچھی ہو دلہن

II ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا

III میرے پاس آکر بیٹھو

3 بہو نے چائے کی پیالی کہاں رکھی

I خلا کے ہاتھ میں

II خلا کے سامنے

III اندر کمرے میں

4 خلا کی بہو کہاں تھی

I اپنے کمرے میں

II باورچی خانے میں

III صحن میں کپڑے سکھا رہی تھی

5 بہو نے اماں کو کس سے خط لکھوانے کو بولا۔

I اپنی بیٹی کو

II بیگم نسیم کو

III اپنے بھائی کو

سوال2 درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو پڑھ کر دئے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 5

ابن مریم ہوا کرے کوئی　　میرے دکھ کی دوا کرے کوی

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ　　کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

بات پر واں زبان کٹتی ہے　　وہ کہیں اور سنا کرے کوئی

کون ہے جو نہیں ہے حاجت مند　　کس کی حاجت روا کرے کوئی

جب توقع ہی اُٹھ گئی غالب　　کیوں کسی کا گلہ کرے کوئی

1. ابن مریم کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے

- حضرت موسی
- حضرت عیسی
- حضرت علی

2 حاجت مند سے شعر کی کیا مراد ہے۔

- حسد کرنے والا
- ضرورت مند
- نصیحت کرنے والا

3 حاجت روا کرنے سے شاعر کی کیا مراد ہے۔

- کسی کا وعدہ پورا کرنا
- کسی کی ضرورت پورا کرنا
- کسی سے حسد کرنا

4 توقع اُتھ جانے اکیا مطلب ہے۔

- بھروسہ اُتھ جانا
- خوف اُٹھنا
- وعدہ توڑنا

5 گلہ کرنے سے شاعر کی کیا مراد ہے۔؟

- کسی سے شکایت کرنا

- کسی کو بد دعا کرنا
- کسی سے نفرت کرنا

## حصہ (ب)

سوال3 درج ذیل میں سے کسی ایک پر مضمون لکھے۔ 10

انٹرنٹ کے فائدے

محنت کی برکات

کھیل کود کی اہمت/آپ کا پسندیدہ کھیل

میرا پسندیدہ مشغلہ

فضائی آلودگی

سوال4 اپنے علاقے میں پھیلی ہوئی گندگی کی صفائی کے لئے ہیلتھ آفسر کے نام درخواست لکھیے۔ 6

یا

اپنے چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر اسے پڑھائی پر توجہ دینے کی تاکید کیجیے۔؟

## حصہ (ج)

سوال5 لڑکیاں کھیلتی ہیں۔اس جملے پر غور کیجیے اور بتایئے یہ فعل کی کون سی قسم ہے۔اس فعل کی تعریف لکھیے۔ 4

سوال6 مندرجہ ذیل میں جملوں میں سے زمانے کی نشاندہی کیجیے۔ 4

وہ لکھ رہا ہے۔

لڑکے فٹ بال کھیلیں گے

ناصر کل اسکول آیا تھا۔

عورتیں گانا گائیں گی۔

سوال7 مترادِف الفاظ کسے کہتے ہیں۔؟ 3

سوال8 نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے متضاد الفاظ لکھیے۔ 3

بھلائی

شکست

بہار

موجود

نزدیک

بہادر

سوال9 درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیئے۔ 3

شکایات

افواج

اختیار

کتاب

امیر

مشکل

سوال10 نیچے لکھے ہوئے لفظوں سے مزکر سے مونث اور مونث سے مزکر بنائیے۔؟ 3

ملکہ

عالم

بہن

بیٹی

گھوڑی

عورت

سوال11 درج ذیل محاوروں میں سے صرف تین کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 3

میدان چھوڑنا

ہتھیار ڈالنا

دل بھر آنا

مان رکھنا

جیسی کرنی ویسی بھرنی

## حصہ (ب)

سوال12 درج ذیل عبارت کو پڑھ کر سوالات کے متبادل جوابات میں صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 5

کمپیوٹر کی انٹرنٹ یا میل خدمات حاصل کرنے کے لیے تین چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ایک موڈیم دوسری تیل فون یا موبائل کنکشن او تیسری انٹرنٹ سروس مہیا کرنے والی تنظیم۔موڈیم ایک آلہ ہے۔جو کمپیوٹر کے اعداد و شمار اور عبارتوں کو ایک خاص قسم کے اشاروں میں تبدیل کر دیتا ہے۔یہ اشارے ٹیلی فون یا موبائل لائن کے ذریعے دنیا کے کسی بھی حصّے مین بھیجے جا سکتے ہیں۔انھیں حاصل کرنے والا موڈیم اشاروں کو دوبارہ اعداو شمار اور عبارت میں بدل دیتا ہے۔اس طرح ہم آنے والے پیغام کو اپنے کمپیوٹر یا موبائل کے پردے پر پڑھ سکتے ہیں ہم نے شہروں میں اے۔ٹی۔ایم کے کاؤنٹر دیکھے ہیں۔یہ مشین انٹرنٹ کے ذریعے کام کرتی ہے۔ہمارا بینک کھاتا دنیا کے کسی بھی حصّے میں ہو،اسے انٹرنت کے ذریعے کہیں بھی استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔

I. کمپیوٹر کی انٹرنٹ یا ای میل خدمات حاصل کرنے کے لیے کن چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے۔

- ای ٹکٹ
- موڈیم،موبائل کنکش،انٹرنٹ سروس
- ٹیلی نیٹ

ii کمپیوٹر کے اعداد و شمار اور عبارتوں کو کون اشاروں میں تبدیل کرتا ہے۔

- ای۔ میل
- موڈیم
- ویب سائٹ

iii آنے والے پیغامات کو ہم کس پر دیکھ سکتے ہیں

- کمپیوٹر کے پردے پر
- پرنٹر پر
- کی بورڈ

iv اے۔ٹی۔ایم کا پورا نام کیا ہے۔

- اوٹومیٹک ٹرانزیکشن مشن
- فائل ٹرانسفر پروٹوکول
- یوزنٹ

v مواصلاتی نظام کو انگریزی میں کیا بولتے ہیں

- Social system
- Communication system
- Electronic system

سوال13 درج ذیل اشعار کو پڑھ کر دئے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 5

هستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے
نازکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے
میں جو بولا کہا کہ یہ آواز — اُسی خانہ خراب کی سی ہے
میر ان نیم باز آنکھوں میں — ساری مستی شراب کی سی ہے

1 نظم ہستی اپنی حباب کی سی ہے کس شاعر کی لکھی ہوئی نظم ہے۔

- مُنشی پریم چند
- محمد مجیب
- میر تقی میر

2 لفظ اضطراب کے کیا معنی ہیں۔؟

- بے چینی
- نیم باز
- جشن

3 بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں اس شعار کو مکمل کیجئے؟

- میر اُن نیم باز آنکھوں میں
- نازکی اس کے لب کی
- حالت اب اضطراب کی سی ہے

4 شاعر نے خانہ خراب کس کو کہا ہے۔؟

- اپنے آپ کو
- اپنے دوست کو
- اپنے محبوب کو

5 لفاظ نازکی کے کیا معنیٰ ہیں۔

- نزاکت
- وجود
- تعمیر

سوال14 درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔ 6

i قدم بڑھو دوستو

ii آدمی کی کہانی

iii قول کا پاس

سوال15 درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔ صرف چار کے 8

i زمین کی بناوٹ سے زمین کی عمر کا اندازہ کس طرح لگایا جا سکتا ہے۔؟

ii بریل کے ذریعے پڑھائی کس طرح ہوتی ہے۔؟

iii کھانے پینے کی چیزیں کس طرح آلودہ ہو جاتی ہیں ؟

iv چندو کے بارے میں بندو کو کیا خیال آیا۔؟

v پہاڑ نے گلہری سے ڈوب مرنے کو کیوں کہا۔؟

vi بڑھاپا اور جوانی کے لیے شاعر نے کیا فرق بتایا ہے۔؟

vii خالی ظرف کے صدا دینے سے کیا مراد ہے۔؟

ساول16 درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے صرف دو کے۔؟ 4

i لین شو نے بی بی سے کیا قیاس آرائی کی۔؟

ii او نتی نے زمین کا مرکز کہاں بتایا۔؟

التتمش کی وصیت کیا تھی۔؟

مانگنے والا کار توس کون تھا۔؟

سوال17 ان شعار کے منعی اپنے لفظوں میں لکھیے۔؟ 2

قدم اُٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں
نِری بڑئی ہے خوابی ہے اور کیا تجھ میں

جو تو بڑا ہے تو مجھ سا ہنر دِکھا مجھ کو
یہ چھالیا ہی ذرا توڑ کر دیکھا مجھ کو

نہیں ہے چیز نِکمی کوئی زمانے میں
کوئی بُرا نہیں قدرت کے کارخانے میں